نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

16 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

435/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

# امریکہ نے متاثرین سیلاب کی عارضی رہائشگاہوں کیلئے مزید سامان بھجوادیا

کراچی (16 اگست 2010 ء)___ امریکہ کا ایک مال بردار طیارہ متاثرین سیلاب کی عارضی رہائشگاہوں کی تعمیر میں استعمال کیلئے بھیگنے اور آگ لگنے سے محفوظ پلاسٹک کی شیٹس کے 530 رول لے کر آج کراچی پہنچا۔ 15 اگست کو بھی ایک پرواز پلاسٹک کی شیٹس کے 240 رول لے کر کراچی پہنچی تھی۔

امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے کہا کہ ہمارا تجربہ بتاتا ہے کہ عارضی رہائشگاہوں کیلئے پلاسٹک کی شیٹس کی فوری ضرورت ہوتی ہے اور ہمیں علم ہے کہ سندھ میں ان کی اشد ضرورت ہے کیونکہ سیلاب کا بہاؤ مسلسل جنوب کی سمت میں ہے۔ انھوں نے کہا ان شیٹس کے ساتھ مقامی طور پر خریدا گیا سامان بھی مہیا کیا جائے گا جو ان لوگوں کی اپنے گھروں کو واپسی کے وقت آسانی کے ساتھ لے جایا جا سکے گا۔

ان شیٹس سے صوبہ سندھ میں 46,800 افراد کو پناہ گاہیں فراہم کی جائیں گی۔ یہ سامان فوری طور پر سندھ میں نقل وحمل کے گڑھ منتقل کیا جا رہا ہے اور وہاں سے مقامی اور بین الاقوامی تنظیموں کے ذریعے تقسیم کیا جائے گا۔

اب تک امریکہ پاکستان میں سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں کیلئے تقریباً 76 ملین ڈالر کی اعانت کا وعدہ کر چکا ہے۔

###

---

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔